باب **9**

چوہدری رحمت علی

حالات زندگی:

چوہدری رحمت علی 16 نومبر 1897ء کو ہوشیار پور کے ایک گاؤں موہار (Mohar) میں پیدا ہوئے۔ان کا تعلق گوجر خاندان سے تھا۔آپ کے والد شاہ محمد ایک اوسط درجہ کے زمیندار تھے۔چوہدری رحمت علی نے اپنی ابتدائی تعلیم گاؤں میں حاصل کر کے اینگلو سنسکرت ہائی سکول جالندھر سے میٹرک پاس کیا۔اس کے بعد آپ نے اسلامیہ کالج لاہور میں داخلہ لیا اور اس کی تعلیمی اور ادبی سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لیا۔آپ نے بزم شبلی کی بنیاد رکھی اور کالج کے رسالہ کریسنٹ کی ادارت کی۔1918ء میں آپ نے بی اے کا امتحان پاس کیا اور کچھ عرصہ تک چیف کالج میں تدریسی فرائض انجام دیئے۔اس کے بعد 1930ء میں آپ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لیے انگلستان چلے گئے اور کیمبرج یونیورسٹی میں داخلہ لیا۔چوہدری رحمت علی نے کیمبرج میں بھی اپنی سیاسی اور ادبی سرگرمیوں کو جاری رکھا۔اسی جگہ آپ نے پاکستان نیشنل موومنٹ کی بنیاد رکھی۔آپ نے 1933ء میں ایک پمفلٹ ''اب یا کبھی نہیں'' شائع کیا۔اس پر آپ کے دیگر تین ساتھیوں عنایت اللہ، شیخ صادق اور محمد اسلم خٹک کے بھی دستخط تھے۔

چوہدری رحمت علی شاعر بھی تھے اور آزاد تخلص کرتے تھے۔آپ کا ایک شعر بہت مشہور ہے

ہوگا آخر بارگاہ حق میں اک دن باریاب
مرا نعرہ انقلاب انقلاب انقلاب

1940ء میں چوہدری رحمت علی نے پاکستان نیشنل موومنٹ کی سپریم کونسل سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ برصغیر کا شمال مغربی حصہ پاکستان اور بنگال اور آسام کو ملا کر بانگ اسلام بننا چاہیے۔اسی طرح انہوں نے ریاست حیدرآباد کو عثمانستان کا نام دیا۔پاکستان نیشنل موومنٹ کے ایک وفد نے قائداعظم سے ملاقات کی اور انہیں اپنے جذبات سے آگاہ کیا۔قائداعظم نے وفد سے کہا کہ جوانو! ابھی جلدی سے کام نہ لو پانی کو بہنے دو یہ اپنا راستہ خود متعین کر لے گا۔

ترک مصنفہ خالدہ ادیب خانم آپ سے بہت متاثر ہوئی اور اس نے لندن اور پیرس میں آپ سے ملاقاتیں کیں۔ان ملاقاتوں کا ذکر اس نے اپنی کتاب ''اندرون ہند'' میں کیا ہے۔چوہدری رحمت علی نے اپنا بیشتر وقت انگلستان میں گذارا۔آپ 1945ء اور پھر 1947ء میں پاکستان بھی تشریف لائے۔آپ نے 1951ء میں انگلستان میں وفات پائی اور وہیں دفن کیے گئے۔چوہدری رحمت علی کو لفظ پاکستان کا خالق سمجھا جاتا ہے۔گو یہ لفظ پہلے بھی موجود تھا۔

حصہ معروضی

❑ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔درست جواب پر نشان (✓) لگائیے۔

-1 چوہدری رحمت علی کی تاریخ پیدائش بتائیے۔

(الف) 16 نومبر 1893ء (ب) 16 نومبر 1895ء (ج) 16 نومبر 1897ء ✓ (د) 16 نومبر 1899ء

-2 چوہدری رحمت علی کے والد کا نام چوہدری شاہ محمد تھا۔بتائیے کہ چوہدری رحمت علی کی پیدائش کس ضلع میں ہوئی؟

(الف) فیروزپور (ب) ہوشیارپور ✓ (ج) بہاولپور (د) راجن پور

-3 چوہدری رحمت علی نے جالندھر سے میٹرک کرنے کے بعد اسلامیہ کالج لاہور میں داخلہ لیا اور ایک بزم کی بنیاد رکھی۔ اس بزم کا نام بتایئے۔
(الف) بزم شبلی ✓ (ب) بزم سرسید (ج) بزم حالی (د) بزم آزاد

-4 چوہدری رحمت علی نے کچھ عرصہ اخبار کشمیر میں کام کیا۔ بتایئے اس اخبار کے مالک کا کیا نام تھا؟
(الف) عبدالمجید سالک (ب) مجید نظامی (ج) غلام رسول مہرہ (د) محمد دین فوق ✓

-5 ہوگا آخر بارگاہ حق میں اک دن باریاب
میرا نعرۂ انقلاب انقلاب انقلاب
بتایئے یہ شعر کس کا ہے؟
(الف) مولانا محمد علی جوہر (ب) چوہدری رحمت علی ✓ (ج) شوکت علی (د) ظفر علی خان

-6 چوہدری رحمت علی نے پاکستان نیشنل موومنٹ کی بنیاد کس سن میں رکھی؟
(الف) 1930ء ✓ (ب) 1931ء (ج) 1932ء (د) 1933ء

-7 بتایئے کہ پمفلٹ ''اب یا کبھی نہیں'' پر چوہدری رحمت علی کے علاوہ اور کتنے افراد کے دستخط تھے؟
(الف) دو (ب) تین ✓ (ج) چار (د) پانچ

-8 چوہدری رحمت علی کی جاری کردہ تحریک پاکستان نیشنل موومنٹ کا دفتر انگلستان کے کس شہر میں تھا؟
(الف) آکسفورڈ (ب) مانچسٹر (ج) لندن (د) کیمبرج ✓

-9 چوہدری رحمت علی نے عثمانستان بنانے کی تجویز کس سن میں پیش کی؟
(الف) 1937ء ✓ (ب) 1938ء (ج) 1939ء (د) 1940ء

-10 چوہدری رحمت علی نے 1946ء میں وطن واپس آ کر لاہور میں کس کی کوٹھی میں قیام کیا؟
(الف) ڈاکٹر غلام حسن (ب) ڈاکٹر خدا بخش (ج) ڈاکٹر یار محمد خان ✓ (د) ڈاکٹر رشید احمد

-11 بتایئے بنگال اور آسام پر مشتمل ''بانگ اسلام'' کا تصور کس نے دیا؟
(الف) علامہ اقبال (ب) چوہدری رحمت علی ✓ (ج) لیاقت علی خان (د) محمد علی جناح

❑ مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔

سوال1: چوہدری رحمت علی کس ضلع میں پیدا ہوئے؟
جواب: ہوشیار پور۔

سوال2: چوہدری رحمت علی کس سن میں پیدا ہوئے؟
جواب: 1897ء۔

سوال3: چوہدری رحمت علی کے والد کا نام کیا تھا؟
جواب: چوہدری شاہ محمد۔

سوال4: چوہدری رحمت علی نے کس سن میں بی اے پاس کیا؟
جواب: 1918ء۔

سوال5: چوہدری رحمت علی نے بی اے کرنے کے بعد کس کالج میں بطور لیکچرار کام کیا؟
جواب: چیف کالج لاہور۔

سوال6: اعلیٰ تعلیم کے لیے چوہدری رحمت علی کب انگلستان گئے؟

جواب: 1930ء۔

سوال7: چوہدری رحمت علی کس خاندان کے بچوں کے اتالیق مقرر کیے گئے؟

جواب: مزاری خاندان۔

سوال8: چوہدری رحمت علی شاعری میں کیا تخلص کرتے تھے؟

جواب: آزاد۔

سوال9: پاکستان نیشنل موومنٹ کس سن میں قائم کی گئی؟

جواب: 1930ء۔

سوال10: انگلستان میں چوہدری رحمت علی نے کس یونیورسٹی میں داخلہ لیا؟

جواب: کیمبرج یونیورسٹی۔

سوال11: کس سن میں چوہدری رحمت علی نے اپنا پمفلٹ ''اب یا کبھی نہیں'' جاری کیا؟

جواب: 1933ء۔

سوال12: پاکستان نیشنل موومنٹ کی بنیاد کس نے رکھی؟

جواب: چوہدری رحمت علی نے۔

سوال13: چوہدری رحمت علی نے ریاست حیدرآباد کے لیے کیا نام تجویز کیا؟

جواب: عثمانستان۔

سوال14: چوہدری رحمت علی نے بنگال اور آسام کے لیے کیا نام تجویز کیا؟

جواب: بانگ اسلام۔

سوال15: پمفلٹ ''اب یا کبھی نہیں'' کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب: چوہدری رحمت علی نے 1933ء میں اپنے تین رفقائے کار کے تعاون سے کیمبرج سے ایک پمفلٹ ''اب یا کبھی نہیں'' شائع کیا۔ اس پمفلٹ میں برصغیر کی تقسیم اور اس کے شمال مغربی مسلم اکثریت کے علاقوں پر مشتمل آزاد اسلامی ریاست ''پاکستان'' قائم کرنے کی تجویز دی گئی۔ اس پمفلٹ میں چوہدری رحمت علی نے آزاد مسلم ریاست کے لیے پاکستان کا نام تجویز کیا جو اتنا زیادہ مقبول ہوا کہ 1947ء میں یہی نام رکھا گیا۔

سوال16: ''پیارے جوانو! جلد بازی سے کام نہ لو۔ پانی کو بہنے دو یہ اپنا راستہ خود بنالے گا۔'' یہ الفاظ کس مسلم رہنما نے ادا کیے؟

جواب: محمد علی جناح نے یہ الفاظ پاکستان نیشنل موومنٹ کے وفد سے کہے۔

سوال17: انگلستان میں پاکستان نیشنل موومنٹ کا دفتر کہاں واقع تھا؟

جواب: **مانٹیگو روڈ کیمبرج۔**

سوال18: چوہدری رحمت علی نے بزم شبلی کہاں قائم کی؟

جواب: اسلامیہ کالج ریلوے روڈ لاہور۔

سوال19: چوہدری رحمت علی نے پیسہ اخبار لاہور میں ملازمت کتنی تنخواہ پر کی؟

جواب: 30 روپے ماہانہ پر ملازمت کا آغاز کیا۔

سوال20: چوہدری رحمت علی نے کہاں وفات پائی اور کہاں دفن کئے گئے؟

جواب: چوہدری رحمت علی نے انگلستان میں وفات پائی اور وہیں دفن کئے گئے۔

......☆......